196742-جب کوئی شخص اپنا نام تبدیل کرے، تو کیا اسے دوبارہ اپنی طرف سے عقیقہ کرنا ہوگا؟

سوال

میں نے اپنا نام تبدیل کر لیا تھا، تو کیا مجھے نیا نام رکھنے کی وجہ سے ایک بار پھر عقیقہ کرنا پڑے گا؟ تاکہ اللہ کے ہاں لکھا ہوا میرا نام تبدیل ہو جائے، یا اللہ کے ہاں لکھا ہوا نام تبدیل نہیں ہوتا؟

پسندیدہ جواب

نام کی تبدیلی کی وجہ سے کسی شخص کیلئے
دوبارہ عقیقہ کرنا ضروری نہیں ہوتا۔

"مجموع فتاوی ابن عثیمین" (10/850)
میں ہے کہ:

"نام کو جائز نام سے تبدیل کرنا اچھا
ہے، خاص طور پر جب پہلے نام میں غیر مناسب چیز پائی جائے، جیسے کہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے کچھ ناموں کو تبدیل کیا، اسکی بنا پر دوبارہ عقیقہ کرنے کی ضرورت نہیں
، جیسے کہ کچھ عام لوگ یہ تصور کرتے ہیں" انتہی۔

مزید استفادہ کیلئے سوال نمبر (43021) اور
سوال نمبر (14626) کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

واللہ اعلم۔